پی ٹی سی ایل انتظامیہ رضا کارانہ علیحدگی اسکیم کی آڑ میں ملازمین کو ہراساں کر رہی ہے، رابطہ کمیٹی

انتظامیہ کی جانب سے ملازمین کو پنشن اور میڈیکل کی سہولیات سے محروم کر دیا گیا

کراچی ۔۔۔ 21، نومبر 2007ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کی انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ رضا کارانہ علیحدگی کی اسکیم کی آڑ میں ملازمین کو ہراساں کرنے کی مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حکومت کی جانب سے پہلے ہی واضح طور پر یہ بات کہی جا چکی ہے کہ کسی بھی ملازم کو بے روزگار نہیں کیا جائیگا لیکن پی ٹی سی ایل کی انتظامیہ ملازمین کو سازش کے تحت اور انہیں ذہنی دباؤ میں رکھنے کیلئے مختلف آپشنز استعمال کر رہی ہے تاکہ محنت کش اس اسکیم سے ذہنی دباؤ کا شکار ہو کر فراغت حاصل کرلیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پی ٹی سی ایل کی انتظامیہ کی جانب سے ملازمین کو ملازمت سے فراغت لینے کیلئے جن ہتھکنڈوں، اصطلاح یا آپشنز کے تحت لسٹیں ترتیب دی گئی ہیں اسکے باعث اداروں کے ملازمین میں گہری تشویش پائی جا رہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دس سال سے زائد عرصہ کے ملازمین کو پنشن کے حق سے بھی محروم کر دیا گیا ہے جبکہ فروری 1998ء میں گولڈن شیک ہینڈ اسکیم کے تحت دس سال کے ملازمین کو پنشن اور میڈیکل کی سہولیات دی گئیں تھیں لیکن اب محنت کشوں کو اس بنیادی حق سے بھی محروم کر دیا گیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے پی ٹی سی ایل کی انتظامیہ کی دہری حکمت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور صدر جنرل پرویز مشرف اور نگراں وزیر اعظم محمد میاں سومرو سے مطالبہ کیا کہ پی ٹی سی ایل کی انتظامیہ کی جانب سے ملازمین کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور محنت کشوں کو ان کے جائز حقوق کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

پختون، پنجابی، سرائیکی اور دیگر قومیتوں کو ایک سازش کے تحت ایم کیو ایم سے بدظن کیا گیا

بلدیہ ٹاؤن سرحد کالونی شریف آباد میں کارنر میٹنگ سے سردار خان اور بلدیہ ٹاؤن کے ناظم کامران اختر کا خطاب

کراچی ۔۔۔ 21، نومبر 2007ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام بلدیہ ٹاؤن یوسی 7 سرحد کالونی شریف آباد میں کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقے کے پختون، پنجابی اور سرائیکی قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اور بزرگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کارنر میٹنگ سے آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان اور بلدیہ ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم کامران اختر نے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کے 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے عوام کی نمائندہ جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پر لسانیت کا الزام لگانے والی نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں ایم کیو ایم میں پختون، پنجابی، سرائیکی، بلوچی، کشمیری اور دیگر قومیتوں، برادریوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد میں ایم کیو ایم میں شمولیت پر خوف کا شکار ہیں اور غریب و متوسط طبقے کے عوام کو ایم کیو ایم سے بدظن کرنے کیلئے مختلف سازشوں پر عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 12 مئی کا سانحہ بھی اسی سازش کا حصہ تھا جسکے تحت دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے عوام کو ایم کیو ایم سے متنفر کرنے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ یہ سازشی منصوبہ بھی بے نقاب ہو چکا ہے اور اس کے پیچھے کارفرما سازشی عزائم کو عوام سمجھ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم نمائشی اقدامات پر یقین رکھتی بلکہ عوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرست منتخب نمائندے اور کارکنان اسی طرح عوام کی بے لوث خدمت کے جذبے کو اپنا شعار بنائے رکھیں گے۔

ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 21، نومبر 2007ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن شفیق جعفری کے بیٹے لئیق حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆